Digitized by Khilafat Library Rabwah

احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کیلئے

روزنامہ

CPL 61

الفضل

PH: 0092 4524 213029

ایڈیٹر: عبدالسّمیع خان

جمعرات 2- دسمبر 1999ء - 23 شعبان 1420 ہجری- 2 فتح 1378 ہش جلد 49-84 نمبر274

شیطان سے بچنے کی دعا

حضرت ابوھریرہؓ کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا-

جب تو رات کو بستر پر جائے تو آیت الکرسی پڑھ لیا کر تو اللہ کی طرف سے تیرے لئے ایک حفاظت کرنے والا مقرر کیا جائے گا اور صبح تک شیطان تیرے قریب نہیں آئے گا-

(صحیح بخاری کتاب الوکالہ باب اذا وکل رجلا)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

مومن کو چاہئے کہ وہ خدا تعالیٰ سے دعا کرے کہ اس کو ایک ایسی طاقت مل جائے جس سے وہ شیطان کو ہلاک کر سکے۔ جتنے برے خیالات پیدا ہوتے ہیں ان سب کا دور کرنا شیطان کو ہلاک کرنے پر منحصر ہے۔ مومن کو چاہئے کہ استقلال سے کام لے۔ ہمت نہ ہارے۔ شیطان کو مارنے کے پیچھے پڑا رہے۔ آخر وہ ایک دن کامیاب ہو جائے گا۔ خدا تعالیٰ رحیم و کریم ہے جو لوگ اس کی راہ میں کوشش کرتے ہیں وہ آخر ان کو کامیابی کا مونہہ دکھا دیتا ہے۔ بڑا درجہ انسان کا اسی میں ہے کہ وہ اپنے شیطان کو ہلاک کرے۔

ایسے ضروری کام کو چھوڑ کر جو مومن کا اصل منشاء ہے بعض لوگ اور باتوں کے پیچھے پڑ جاتے ہیں۔ مثلاً کسی کو ایک خواب آجائے یا چند الفاظ زبان پر جاری ہو جائیں تو وہ سمجھتا ہے کہ میں اب ولی ہو گیا ہوں۔ یہی نقطہ ہے جس پر انسان دھوکہ کھاتا ہے۔ خواب تو چوہڑوں' چماروں اور کنجروں کو بھی آجاتے ہیں اور سچے بھی ہو جاتے ہیں۔ ایسی چیز پر فخر کرنا لعنت ہے۔ فرض کرو کہ ایک شخص کو چند خوابیں آگئیں ہیں اور وہ سچی بھی ہو گئی ہیں مگر اس سے کیا بنتا ہے؟ کیا سخت پیاس کے وقت ایک شخص کو دو چار قطرے پانی کے پلائے جاویں تو وہ بچ جائے گا؟ ہرگز نہیں بلکہ اس کی تپش اور بھی بڑھے گی۔ ایسا ہی جب تک کہ کسی انسان کو پوری مقدار معرفت کی اپنی کیفیت اور کثرت کے ساتھ حاصل نہ ہو تب تک یہ خوابیں کچھ شئے نہیں۔ انسان کی عمدہ اور قابل تشفی وہ حالت ہے کہ وہ عملی رنگ میں درست اور صاف ہو۔ اس کی عملی حالت خود اس پر گواہی دے۔ خدا تعالیٰ کی برکات اور زبردست خوارق اس کے ساتھ ہوں اور ہر دم اس کی تائید کرتے ہوں تب خدا اس کے ساتھ ہے اور وہ خدا کے ساتھ ہے۔

ہر ایک بات میں شیطان ایک موقعہ نکال لیتا ہے کہ لوگوں کو کسی طرح سے بہکائے۔ چونکہ ہم بار بار اپنی وحی اور الہام پیش کرتے ہیں اس واسطے بعض لوگوں کو یہ خیال ہوا کہ ہم بھی ایسا ہی کریں۔ یہ ایک ابتلاء ہے جو ان پر وارد ہوا۔ اور اس کی ہلاکت کی راہ میں شیطان نے ان کی امداد کی اور ان کو شیطانی القاء اور حدیث النفس شروع ہوا۔ چراغ دین' الٰہی بخش' فقیر مرزا اور دوسرے بہت سے اس راہ میں ہلاک ہو گئے اور ہنوز بہت سے ایسے ہیں جن کا قدم اسی راہ پر ہے۔

ہماری جماعت کے آدمیوں کو چاہئے کہ ایسی باتوں سے دل ہٹالیں۔ قیامت کے دن خدا تعالیٰ ان سے یہ نہیں پوچھے گا کہ تم کو کس قدر الہام ہوئے تھے یا کتنی خوابیں آئی تھیں بلکہ عمل صالح کے متعلق سوال ہو گا کہ کس قدر نیک عمل تم نے کئے ہیں۔ الہام وحی تو خدا تعالیٰ کا فعل ہے۔ کوئی انسانی عمل نہیں۔ خدا تعالیٰ کے فعل پر اپنا فخر جاننا اور خوش ہونا جاہل کا کام ہے۔

(ملفوظات جلد پنجم صفحہ 421)

محترم صاحبزادہ مرزا منیر احمد صاحب انتقال فرما گئے

ربوہ۔ یکم دسمبر۔ احباب جماعت کو دکھ اور افسوس سے اطلاع دی جاتی ہے کہ حضرت مسیح موعود کے پوتے' حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب کے صاحبزادے محترم صاحبزادہ مرزا منیر احمد صاحب آج صبح فضل عمر ہسپتال ربوہ میں انتقال فرما گئے۔ آپ کی عمر 81 سال تھی۔ آپ دل کے عارضے میں مبتلا تھے۔

محترم صاحبزادہ مرزا منیر احمد صاحب 26- اگست 1918ء کو پیدا ہوئے۔ آپ نے ابتدائی تعلیم قادیان میں اور پھر ایف سی کالج لاہور اور اسلامیہ کالج لاہور میں حاصل کی۔ آپ ہاکی کے مشہور کھلاڑی تھے۔ تقسیم ملک سے پہلے آپ نے قادیان میں منیر ہاکی ٹورنامنٹ کا اجراء کیا جس میں پنجاب بھر سے ٹیمیں شامل ہوتی تھیں۔ آپ نے اتھلیٹکس کے میدان میں بھی کامیابیاں حاصل کیں۔ ایف سی کالج اور اسلامیہ کالج کے کلر حاصل کئے۔ اس کے علاوہ آپ قادیان میں احمدیہ کور اور نیشنل لیگ کے بھی ممبر رہے۔

دلی میں قیام کے دوران آپ کو بعض اہم جماعتی خدمات انجام دینے کا موقعہ ملا۔ آپ نے 1944ء میں جلسہ مصلح موعود دہلی کے انتظامات میں نمایاں حصہ لیا۔ پارٹیشن سے پہلے آپ نے حضرت مصلح موعود کے ارشاد پر دلی کی جماعت میں خدمات انجام دیں۔ اور خصوصاً پارٹیشن کے ایام میں آپ کو بعض اہم اور غیر معمولی خدمات بجالانے کا موقعہ ملا۔

آپ کی کاروباری مصروفیات میں سرگودھا سے طارق ٹرانسپورٹ کا اجراء بھی شامل ہے جو ہر جماعتی ضرورت کے لئے وقف ہوتی تھی۔ تاہم آپ کی کاروباری صلاحیتوں کا زبردست اظہار اس وقت ہوا جب 1965ء میں آپ نے جہلم میں چپ بورڈ فیکٹری لگائی۔ اور اس کاروبار کو اتنی ترقی دی کہ آج چپ بورڈ کے میدان میں یہ ادارہ ملک میں بہترین ساکھ کا حامل ہے۔

اولاد آپ حضرت نواب محمد عبداللہ خان صاحب اور حضرت نواب امتہ الحفیظ بیگم صاحبہ کے داماد تھے۔ آپ کو اللہ تعالیٰ نے ایک بیٹی اور دو بیٹے عطا فرمائے۔ بیٹی محترمہ صاحبزادی امتہ الحسیب بیگم صاحبہ جو بھائیوں سے

باقی صفحہ 8 پر

Digitized by Khilafat Library Rabwah

روزنامہ
الفضل
ایڈیٹر۔ عبدالسمیع خان

پبلشر: آغا سیف اللہ۔ پرنٹر: قاضی منیر احمد
مطبع: ضیاء الاسلام پریس
مقام اشاعت: دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ)

قیمت
2 روپے 50 پیسے

فرخ سلمانی

دلبر مرا یہی ہے

نمبر 41

سیرۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے دلکش پہلو

درد مند دل

حضرت عبداللہ بن عمر بیان کرتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس میں حاضر تھے کہ ایک انصاری آیا تو حضور نے اس سے پوچھا میرے بھائی سعد بن عبادہ کا کیا حال ہے۔ اس نے کہا بہتر ہے۔ اس پر حضور نے فرمایا۔ اس کی عیادت کے لئے کون کون چلے گا چنانچہ حضور اٹھ کھڑے ہوئے اور ہم تیرہ کے قریب افراد حضور کے ساتھ چل پڑے اور حضرت سعد بن عبادہ کی خیریت معلوم کی

(صحیح مسلم کتاب الجنائز باب عیادۃ المرضی)

مجبوروں کا لحاظ

حضرت جابر بن عبداللہؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک جنگی مہم میں ہم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے۔ (سفر کے دوران ایک دفعہ) حضورؐ نے فرمایا۔ مدینہ میں کچھ لوگ رہ گئے ہیں جو تمہارے اس سفر میں برابر کے شریک ہیں۔ ان راستوں میں بھی جن پر تم چلتے ہو اور ان وادیوں میں بھی جو تم طے کرتے ہو۔ (کیونکہ وہ جان بوجھ کر پیچھے نہیں رہے بلکہ بیماری یا کوئی اور) حقیقی عذر ان کی راہ میں حائل ہو گیا ہے۔

(بخاری کتاب المغازی)

احسان شناس وجود

جنگ بدر کے موقعہ پر جب مکہ کے قیدی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کئے گئے تو حضور نے فرمایا

اگر آج مطعم بن عدی زندہ ہوتا اور مجھ سے ان لوگوں کی سفارش کرتا تو میں ان کو یونہی چھوڑ دیتا۔

(بخاری کتاب المغازی باب غزوہ بدر)

اس مطعم بن عدی کا تعارف حسب ذیل ہے

مطعم بن عدی مکہ کا ایک شریف آدمی تھا۔ گو اس کو اسلام قبول کرنے کی توفیق نہیں ملی مگر اس کو بعض مواقع پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مدد کی سعادت حاصل ہوئی۔ جس کو حضور نے ہمیشہ یاد رکھا اور اس کی قدر کرتے رہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کے ساتویں سال قریش مکہ نے مسلمانوں کے خلاف ایک معاہدہ تحریر کیا جس کے تحت حضورؐ اور تمام افراد بنو ہاشم اور بنو مطلب کو (سوائے ابولہب کے) شعب ابی طالب میں محصور کر دیا گیا۔ یہ سلسلہ تین سال جاری رہا اور محصورین کو شدید مشکلات سے دوچار ہونا پڑا۔

تین سال کے بعد اللہ تعالیٰ نے اپنی خاص حکمت سے رہائی کے سامان پیدا کئے اور قریش کے چند لوگوں نے اس معاہدہ کے خلاف آواز بلند کی جن میں مطعم بن عدی بھی شامل تھا اور ابو جہل کی سخت مخالفت کے باوجود مطعم بن عدی نے وہ معاہدہ پھاڑ دیا۔ اور پھر دیگر ساتھیوں کے ہمراہ ہتھیار لگا کر شعب ابی طالب میں گیا اور محصورین کو آزاد کرایا۔

(سیرت ابن ہشام جلد 2 ص 16 حدیث نقض الصحیفۃ مطبع مصطفیٰ مصر 1936ء طبقات ابن سعد جلد اول ص 210۔ بیروت 1960ء)

شعب ابی طالب سے آزادی کے بعد حضور طائف تشریف لے گئے۔ مگر دشمنوں نے آپ سے بہت برا سلوک کیا۔ اور آپ کو مکہ واپس آنا پڑا۔

ان حالات میں مکہ والوں کے زیادہ دلیر ہو جانے کا اندیشہ تھا اس لئے آپ نے مکہ کے کئی سرداروں کو یہ پیغام بھیجا کہ مکہ میں داخل ہونے کے لئے مجھے پناہ دو مگر سب نے انکار کر دیا۔ آخر مطعم بن عدی نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مدد کی حامی بھری اور بیٹوں اور رشتہ داروں کے ساتھ تلواروں سے مسلح ہو کر حضور کو مکہ آنے کی دعوت دی۔ ان کی حفاظت میں حضور تشریف لائے اور خانہ کعبہ کا طواف کیا۔ اس موقع پر بھی اس نے ابو جہل کی دشمنی اور دھمکیوں کی کوئی پرواہ نہیں کی۔

(سیرت ابن ہشام جلد 2 ص 20۔ حدیث نقض الصحیفۃ۔ مطبع مصطفیٰ مصر۔ 1936ء)

مطعم بن عدی کفر کی حالت میں ہی فوت ہوا مگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے ساتھیوں نے اس کی تاریخی خدمات کو بھلایا نہیں۔ اس کی موت پر حضرت حسان بن ثابت نے اس کی مدح میں زوردار اشعار کہے جو ان کے دیوان میں اب تک محفوظ ہیں۔

ان دونوں مذکورہ مواقع پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی حیثیت قیدی کی سی تھی جس سے آزاد کرانے میں مطعم نے اہم کردار ادا کیا تھا اس لئے بدر کے قیدیوں کی آزادی کے وقت آپ نے مطعم کی سفارش قبول کرنے کا ذکر فرمایا۔ اور عملاً سب کو آزاد کر دیا گیا۔

احمدیہ ٹیلی ویژن کے پروگرام

پاکستانی وقت کے مطابق

سوموار 6۔ دسمبر 1999ء

12-40 a.m. لقاء مع العرب۔
1-35 a.m. مشاعرہ حصہ اول۔
2-30 a.m. درس القرآن۔
3-55 a.m. جرمن بولنے والوں کے ساتھ حضور کی ملاقات۔
5-05 a.m. تلاوت۔ خبریں۔
5-35 a.m. چلڈرنز کلاس۔ نمبر 40
6-05 a.m. لقاء مع العرب۔
7-05 a.m. انٹرویو۔ ثاقب زیروی صاحب کے ساتھ۔
8-00 a.m. اردو کلاس۔
9-25 a.m. چینی زبان سیکھئے۔
9-55 a.m. جرمن مہمانوں کے ساتھ حضور کی ملاقات۔
11-05 a.m. تلاوت۔ خبریں۔
11-35 a.m. چلڈرنز کلاس۔
12-05 p.m. درس القرآن۔
1-35 p.m. لقاء مع العرب۔
2-40 p.m. اردو کلاس۔
3-00 p.m. انڈونیشین سروس۔
5-00 p.m. تلاوت۔ خبریں۔
5-35 p.m. نارویجین زبان سیکھئے۔
6-05 p.m. احمدیہ ٹیلی ویژن سپورٹس۔ ٹیبل ٹینس فائنل۔
6-55 p.m. بنگالی سروس۔
7-00 p.m. حضور کے ساتھ ملاقات۔
9-05 p.m. چلڈرنز کلاس۔
9-55 p.m. جرمن سروس
11-05 p.m. تلاوت۔ درس ملفوظات۔
11-30 p.m. اردو کلاس۔

منگل 7۔ دسمبر 1999ء

12-45 a.m. لقاء مع العرب۔
1-45 a.m. ترکی پروگرام۔
2-20 a.m. روحانی خزائن۔
2-50 a.m. مجلس سوال و جواب ینگ لجنہ کی حضور کے ساتھ۔
4-20 a.m. نارویجین زبان سیکھئے۔
4-30 a.m. ڈاکومنٹری۔ نمائش دست کاری۔
5-05 a.m. تلاوت۔ خبریں۔
5-30 a.m. چلڈرنز کارنر۔
6-10 a.m. لقاء مع العرب۔
7-15 a.m. احمدیہ ٹیلی ویژن سپورٹس۔ ٹیبل ٹینس فائنل۔
8-00 a.m. اردو کلاس
9-25 a.m. نارویجین زبان سیکھئے۔
9-55 a.m. ینگ لجنہ کے ساتھ حضور کی ملاقات۔
11-05 a.m. تلاوت۔ خبریں۔
11-11 a.m. چلڈرنز کارنر۔ کلاس نمبر 40
12-10 p.m. پشتو پروگرام۔ خطبہ جمعہ۔
1-20 p.m. تعلیم دین حق۔
1-40 p.m. لقاء مع العرب۔
2-55 p.m. اردو کلاس۔
4-00 p.m. انڈونیشین سروس۔
5-05 p.m. تلاوت۔ خبریں۔
5-40 p.m. سویڈش زبان سیکھئے۔
6-00 p.m. فرانسیسی بولنے والے احباب کے ساتھ ملاقات۔
7-00 p.m. بنگالی سروس۔
8-05 p.m. ترجمۃ القرآن۔
9-10 p.m. چلڈرنز کارنر۔ ورک شاپ۔
9-35 p.m. چلڈرنز کارنر۔ واقفین نو۔
9-55 p.m. جرمن سروس
11-05 p.m. تلاوت۔ درس الحدیث۔
11-35 p.m. اردو کلاس۔

بدھ 8۔ دسمبر 1999ء

12-35 a.m. لقاء مع العرب۔
1-30 a.m. نارویجین پروگرام۔
2-00 a.m. فرانسیسی بولنے والے احباب کے ساتھ حضور کی ملاقات۔
3-00 a.m. ہماری کائنات۔ نمبر 27
3-30 a.m. ترجمۃ القرآن کلاس۔
4-35 a.m. سویڈش زبان سیکھئے۔
5-05 a.m. تلاوت۔ خبریں۔
5-35 a.m. چلڈرنز کارنر۔
6-00 a.m. لقاء مع العرب۔
7-00 a.m. فرانسیسی بولنے والے احباب کے ساتھ ملاقات۔
8-05 a.m. اردو کلاس۔
9-00 a.m. سویڈش زبان سیکھئے۔
9-55 a.m. ترجمۃ القرآن کلاس۔
11-05 a.m. تلاوت۔ خبریں۔
11-40 a.m. چلڈرنز کارنر۔ ورک شاپ۔
12-05 p.m. سواحیلی پروگرام۔
1-20 p.m. ہماری کائنات۔ نظام شمسی۔
1-45 p.m. لقاء مع العرب۔
2-55 p.m. اردو کلاس۔
3-55 p.m. انڈونیشین سروس۔
5-05 p.m. تلاوت۔ خبریں۔
5-40 p.m. سپینش زبان سیکھئے۔
6-05 p.m. تبرکات۔ تقریر مولانا عبدالمالک صاحب جلسہ سالانہ 1980ء
6-55 p.m. بنگالی سروس۔
8-00 p.m. ترجمۃ القرآن کلاس۔
9-10 p.m. چلڈرنز کارنر گلدستہ۔
9-55 p.m. جرمن سروس۔
11-05 p.m. تلاوت۔ درس الحدیث۔
11-20 p.m. اردو کلاس۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

حضرت مصلح موعود کی مجلس عرفان

سیدنا حضرت مصلح موعود نے موصولہ ڈاک پر جو ارشادات فرمائے ان کا ایک حصہ مکرم عبدالرحمان انور صاحب پرائیویٹ سیکرٹری نے مرتب کیا جو ارشادات عالیہ کے نام سے ماہنامہ خالد 65ء کے مختلف شماروں میں شائع ہوا۔ ان پر معارف ارشادات کا ایک انتخاب دوبارہ پیش کیا جاتا ہے۔

(ادارہ)

ایک مخلص خاندان کی عورت نے مشرقی افریقہ سے دریافت کیا کہ ان دنوں موٹر کے حادثہ کی وجہ سے خاوند کی ٹانگیں بیکار ہو گئی ہیں۔ سخت پریشانی کی حالت ہے۔ قرآن کریم کا کوئی حصہ تجویز فرمادیں تاکہ خدا تعالیٰ کے فضل کو جذب کرنے کے لئے اسے پڑھتی رہوں۔ حضور نے فرمایا:۔

"قرآن کریم سارا برکت والا ہے جہاں سے چاہیں پڑھیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے الا بذکر اللہ تطمئن القلوب خدا کے ذکر سے اطمینان قلب حاصل ہوتا ہے۔"

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

ایک دوست نے لکھا کہ میرا اپنا ارادہ ایم بی بی ایس کرنے کا ہے۔ میں نے یونیورسٹی کورس لیا تھا لیکن کامیاب نہیں ہوا۔ لیکن والدین کہتے ہیں کہ B.A ضرور کروں۔ حضور رہنمائی فرماویں۔ حضور نے فرمایا:۔

"جس امتحان میں فیل ہوئے ہیں وہی محنت سے دوبارہ دیں۔ نئے سرے سے نئی پڑھائی مشکل ہوگی۔"

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

ایک دوست نے خواب میں دیکھا کہ میرا دایاں بازو کہنی سے کاٹ دیا گیا ہے' بازو سے خون نکل رہا ہے اور ایک دوست اس کٹے ہوئے ہاتھ کو جوڑ رہا ہے مگر وہ ہاتھ پہلے کی طرح کام نہیں کرتا۔ حضور نے فرمایا:۔

"یہ منذر خواب ہے۔ بازو خواب میں بیٹا ہوتا ہے۔ صدقہ دیں۔ دعا' استغفار کریں۔ اللہ تعالیٰ خواب کے منذر پہلو کو دور فرمائے۔"

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

ایک دوست نے لکھا کہ میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ حضور خوش و خرم ہیں' حضور نے میرا حال پوچھا ہے اور پھر از خود فرمایا۔ "ان لڑکوں کو منع کر دو گردنہ اڑائیں۔" حضور نے اس کی تعبیر میں فرمایا:۔

"جن لڑکوں کے متعلق خواب میں کہا ہے ان کی تربیت کا خاص خیال رکھیں۔"

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

ایک دوست نے خواب میں دیکھا کہ اس کو اطلاع دی گئی ہے کہ اس کے والد صاحب فوت ہو گئے ہیں اور یہ کہ ابا جان وفات سے پہلے یہ وصیت کر گئے ہیں کہ ان کو قائداعظم کے مزار میں دفن کرنا۔ جب ہم پولیس سے اجازت لے کران کو وہاں دفن کرنے کے لئے گئے تو دیکھا کہ قائداعظم نے قبر سے اٹھ کر ایک مسجد میں نماز پڑھی ہے اور وہ پھر واپس آکر اپنی قبر میں لیٹ گئے ہیں۔ پھر اپنے والد صاحب کو دیکھا کہ وہ زندہ ہیں جس پر ہم نے کہا کہ زندہ کو کیسے دفن کریں تو والد صاحب نے خود ہی کہا کہ بس جلد دفن کرو۔ حضور نے اس کی تعبیر یہ فرمائی کہ:۔

"انشاء اللہ آپ کے والد کی عمر لمبی ہوگی اور ان کو کوئی قومی خدمت کرنے کا موقع ملے گا۔"

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

ایک شخص نے غانا مغربی افریقہ سے لکھا کہ بعض دفعہ میری دائیں آنکھ آہستہ سے کانپتی ہے تو یہ کسی اچھی چیز کی نشانی ہوتی ہے اور بائیں آنکھ کانپے تو برا نتیجہ نکلتا ہے۔ دعا فرمائیں کہ یہ تکلیف دور ہو۔ حضور نے فرمایا:۔

"یہ محض وہم ہے۔ آنکھ کا کانپنا اعصابی کمزوری سے ہوتا ہے۔"

(خالد مارچ 65ء)

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

بھارت سے ایک دوست نے لکھا کہ اچانک قرضہ سے دب گیا ہوں۔ سخت پریشان ہوں۔ عیالداری بھی ہے کوئی وظیفہ بتائیں جس سے مشکلات دور ہوں۔ اس پر حضور نے فرمایا:۔

"اللہ تعالیٰ قرض سے نجات عطا فرمائے۔ قرض سے بچنے کے لئے اللھم انی اعوذبک من غلبۃ الدین بکثرت پڑھا کریں۔"

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

شکاگو' امریکہ سے ایک دوست نے لکھا کہ کچھ عرصہ پہلے میں یہ دعا اللھم انا نجعلک فی نحورھم ونعوذبک من شرورھم بار بار پڑھتا تھا اور عبادت میں ایک خاص سرور پاتا تھا۔ مگر اب اعصابی تکلیف کی وجہ سے لذت میں کچھ کمی محسوس ہوتی ہے۔ ڈرتا ہوں کہ کوئی آزمائش نہ آئے۔ اس وجہ سے طبیعت بہت فکرمند ہے۔ مجھے خدا تعالیٰ کے متعلق تفصیلات کا علم نہیں ہے۔ رہنمائی فرمائیں۔ حضور نے فرمایا:۔

"خدا تعالیٰ اپنے وجود کو اپنے محبت کرنے والوں پر کسی نہ کسی طرح خود ظاہر کرتا ہے۔ آپ ہر روز دعا کر کے سویا کریں اور خدا تعالیٰ سے یہ دعا مانگا کریں کہ وہ آپ کے دل کو اطمینان اور تسلی عطا کرے۔"

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

ایک نوجوان نے حضور کی خدمت میں لکھا کہ ایک شادی شدہ عورت کی شکل پر فریفتہ ہو چکا ہوں۔ میرا ارادہ اس کے متعلق برا نہیں۔ نہ ہی کسی کے حق پر حملہ کرنا چاہتا ہوں۔ محض شوق دید غالب ہے کہ اسے دیکھتا رہوں۔ اس برے خیال سے نجات کے لئے دعا کی درخواست ہے۔ حضور نے فرمایا:۔

"لاحول پڑھا کریں اور استغفار کثرت سے کریں۔"

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

ایک احمدی نوجوان نے لکھا کہ آبائی پیشہ میرا زراعت ہے۔ میں اس وقت ملازمت کر رہا ہوں۔ لیکن ملازمت کی طرف میرا طبعی رجحان نہیں ہے۔ کوئی اور ذریعہ معاش بھی نہیں ہے۔ حضور مشورہ عطا فرمائیں۔ حضور نے فرمایا:۔

"اگر کوئی اور کام مل جائے تو بے شک ملازمت چھوڑ دیں۔ یونہی نہ چھوڑیں۔"

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

ایک شخص نے لکھا کہ پٹوار کا امتحان پاس کیا ہوا ہے لیکن ملازمت نہیں مل رہی۔ کچھ قرض لے کر دکانداری کرنا چاہتا ہوں مشورہ عطا فرمائیں۔ حضور نے فرمایا:۔

"اگر تجارت کی طرف رغبت ہے تو ضرور تجارت کریں۔"

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

ایک نوجوان طالب علم نے لکھا کہ میں میڈیکل کالج کے لئے منتخب نہیں ہو سکا۔ میرا ارادہ قانون کا امتحان پاس کرنے کا بھی ہے۔ حضور مشورہ عطا فرمائیں تاکہ میں احمدیت کی بھی خدمت کر سکوں۔ حضور نے فرمایا:۔

"لاء کر لیں یا کوئی اور لائن جو پسند ہو اختیار کر لیں۔"

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

ایک بہن نے حیدر آباد دکن سے لکھا کہ اس نے ایک کتاب میں پڑھا ہے کہ ہر احمدی تین سال کے بعد بھی سینما نہ دیکھے۔ اس بارہ میں اب کیا ہدایت ہے۔ حضور نے فرمایا:۔

"ٹھیک ہے۔ سینما دیکھنا میں نے منع کیا ہوا ہے۔"

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

ایک غیر احمدی عورت نے جسے احمدیت سے انس ہے۔ حضور کی خدمت میں رہنمائی کے لئے لکھا کہ وہ ایک سال سے زیادہ پریشان ہے حضور رہنمائی فرمائیں کہ تعویذ کیا چیز ہے اور اس کی کیا حقیقت ہے تاکہ اسے اس کی گئی ہوئی نوکری مل جائے۔ حضور نے فرمایا:۔

"تعویذ کرنا شرک ہے۔ اصل چیز دعا ہے۔"

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی خدمت میں 24۔ ستمبر 1914ء میں ایک احمدی دوست نے لکھا کہ مجھ پر بعض دفعہ سخت پریشانی کا دور آجاتا ہے۔ اندیشہ ہے کہ کسی نے تعویذ وغیرہ نہ کرا دیا ہو۔ حضور کوئی دعا وغیرہ تحریر فرمائیں تاکہ ان حوادث سے نجات ہو۔ حضور نے ان کے خط پر تحریر فرمایا:۔

"سوتے وقت آیت الکرسی' قل ھواللہ' قل اعوذ برب الفلق' قل اعوذ برب الناس تین تین دفعہ پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر پھونک کر اپنے بدن پر مل لیا کریں۔ پہلے اگلے حصہ پر پھر پچھلے حصہ پر جہاں تک ہاتھ پہنچے۔ اس کے بعد اللھم انی اسلمت نفسی الیک و وجھت وجھی الیک وفوضت امری الیک پڑھیں۔"

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

ایک غیر احمدی صاحب نے 52ء میں لکھا کہ مجھے احمدیت سچی معلوم ہوتی ہے لیکن ڈر ہے کہ احمدی ہونے پر سب رشتہ دار چھوٹ جائیں گے۔ اس لئے میرے کاروبار کے لئے کچھ انتظام کر دیں تاکہ میں احمدیت کا اعلان کر دوں۔ حضور نے فرمایا:۔

"احمدیت پیسے نہیں دیتی' قربانی چاہتی ہے۔"

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

ایک احمدی دوست نے 50ء میں حضور کی خدمت میں شکایت کی کہ انہوں نے ایک شخص کی بیعت بھجوائی تھی لیکن دفتر نے باوجود ان کی ذاتی تصدیق کے پھر جماعت کے عہدیداران سے تصدیق کرنے میں دیر کر دی۔ یہ طریق نئے بیعت کرنے والے کی دل شکنی کا موجب اور ابتلا کا باعث بھی ہو سکتا ہے لہٰذا اس طریق میں سہولت پیدا کی جائے۔ حضور نے اس کے جواب میں فرمایا:۔

"ان کو جواب دیں کہ جب کوئی بیعت کرتا ہے خدا تعالیٰ کے نزدیک وہ احمدی ہوتا ہے۔ اگر وہ سچا ہو پھر اسے کیا گھبراہٹ۔ لیکن ہمارا فرض بوجہ عالم الغیب نہ ہونے کے تحقیق کرنا ہے۔"

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

ایک دوست نے دریافت کیا کہ کشمیر میں رواج ہے کہ لڑکی والے لڑکے والوں کے لئے برات کی دعوت کے لئے کچھ سامان خورونوش لیتے ہیں۔ کیا ایسا سامان لے کر برات کی دعوت کرنا جائز ہے؟ یا لڑکی والے اپنے گھر سے ہی برات کے لئے پکایا کریں؟ حضور نے فرمایا:۔

"(یہ رواج) ناجائز ہے۔"

نیز انہوں نے دریافت کیا کہ کشمیر میں نکاح کے موقعہ پر لڑکی کے والدین مہر کی رقم نقد وصول کرتے ہیں خواہ لڑکے والے قرض لے کر ہی دیں۔ پھر یہ بھی قابل دریافت امر ہے کہ مہر کی رقم والدین وصول کر سکتے ہیں یا لڑکی کو ہی دیا جاوے؟ حضور نے فرمایا:۔

"مہر لڑکی چاہے تو نکاح پر لے سکتی ہے۔"

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

ایک دوست نے خواب میں دیکھا کہ پانی تیزی سے بہ رہا ہے اور کوڑا کرکٹ بہالے جا رہا ہے۔ حضور نے تعبیر میں فرمایا:۔

"خواب اچھی ہے۔ پانی قرآن ہے۔ جس کی وجہ سے تمام برائیاں دور ہوتی ہیں۔"

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

ایک عورت نے حضور کی خدمت میں لکھا کہ وہ احمدیت کے متعلق مطالعہ کر رہی ہے۔ تمام شبہات ختم ہو چکے ہیں صرف ایک شبہ باقی ہے۔ میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ میرے سینے سے نکلنے والے تیز نور میں کلمہ توحید لکھا ہے تب خواب میں میں نے کپڑے سے اپنے سینے کو ڈھانپ لیا۔ حضور نے تعبیر میں فرمایا۔ "اللہ تعالیٰ نے سچائی آپ پر کھول دی ہے۔"

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ایک معزز احمدی دوست ایک اعلیٰ عہدہ سے ریٹائر ہونے والے تھے' انہوں نے حضور کی خدمت میں لکھا کہ وہ عنقریب ریٹائر ہو رہے ہیں۔ پنشن تو ملے گی لیکن ان کا ارادہ فارغ رہنے کا نہیں ہے کسی اور جگہ سروس یا تجارت کا خیال ہے۔ حضور رہنمائی فرمائیں۔ نیز لکھا کہ حضور سے مشورہ لینے کی محرک ان کی ایک خواب ہے۔ انہوں نے دیکھا کہ خواب میں کوئی ان سے کہہ رہا ہے کہ باوجود اس کے کہ جماعت احمدیہ کے امام کی صحت آج کل اچھی نہیں پھر بھی مخلصین اپنے امام کے مشورہ سے ہی کام کرتے ہیں۔ اس پر حضور نے ارشاد فرمایا:۔

"اگر تجارت کا تجربہ ہے تو بے شک کر لیں ورنہ ملازمت ٹھیک رہے گی۔"

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

ایک احمدی دوست نے لکھا کہ میں اور میرے ایک دوست اکٹھے دفتر میں کام کرتے ہیں۔ ایک موقعہ پر مذاق مذاق میں میرے دوست ناراض ہو گئے ہیں۔ میں نے ان سے الحاح کے ساتھ کئی مرتبہ معافی مانگی ہے لیکن وہ راضی نہیں ہو رہے ہیں۔ حضور مجھے ان سے معافی دلا دیں۔ حضور نے فرمایا:۔

"آپ ان کو بتا دیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے تین دن سے زیادہ دل میں ناراضگی رکھنے سے منع فرمایا ہوا ہے۔"

چنانچہ انہوں نے حضور کے ارشاد کی تعمیل کی۔ اور ان کی بعد کی اطلاع یہ موصول ہوئی کہ وہ حضور کا ارشاد موصول ہوتے ہی ان سے راضی ہو گئے۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

ایک دوست نے خواب میں دیکھا کہ ان کے والد مرحوم نے انگور کی ایک پیٹی بھیجی ہے اس میں ایک چوہا سوراخ کر کے داخل ہو گیا ہے۔ انہوں نے حضور کی خدمت میں تعبیر کے لئے لکھا۔ حضور نے فرمایا:۔

"چوہے سے مراد منافق ہے۔ دعا' استغفار کریں۔ صدقہ بھی بھیج دیں۔ اللہ تعالیٰ فضل فرمائے۔"

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

ایک نوجوان احمدی دوست نے حضور کی خدمت میں لکھا کہ کچھ عرصہ ہوا انہوں نے خواب دیکھا تھا جو بالکل ٹھیک طور پر پورا ہوا۔ حالانکہ وہ اپنے آپ کو اس کا اہل نہیں سمجھتے کہ ان کے خواب پورے ہوں۔ اس پر حضور نے فرمایا:۔

"یہ تو خدا تعالیٰ کا فضل اور احسان ہے کہ وہ جس کو چاہے وقت سے قبل بات بتا دے۔ اس میں عمر کا کوئی سوال نہیں۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کریں۔"

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

ایک شخص نے لکھا کہ دل پریشان رہتا ہے۔ ایسی دعا بتلائیں جس سے دل اطمینان حاصل کرے۔ حضور نے فرمایا:۔

"قرآن کریم کثرت سے پڑھا کریں۔ استغفار بھی کیا کریں۔"

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

ایک دوست نے حضور ایدہ اللہ بنصرہ کی خدمت میں لکھا کہ ان کے چھوٹے بچے کو کسی نے ہوے کا نام لے کر سخت ڈرا دیا ہے اب وہ رات کو بھی ڈر کر اٹھ بیٹھتا ہے۔ کوئی تعویذ وغیرہ بتا دیں تاکہ وہ نہ ڈرے۔ حضور نے فرمایا:۔ "دعا کروں گا۔ تعویذ لغو ہے۔"

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

ایک محترم بزرگ نے عرصہ ہوا خواب دیکھی کہ ان کا اوپر کا سامنے کا ایک دانت ہلتا ہے۔ انہوں نے اسے انگلی سے پکڑ کر ہلایا تو وہ اکھڑ گیا۔ انہوں نے اس خواب سے فکر کا اظہار کیا جس پر حضور نے ارشاد فرمایا:۔

"اگر دانت زمین پر گر نہیں گیا اور صاف تھا' سڑا ہوا نہ تھا تو خواب بری نہیں۔"

(خالد اگست 65ء)

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

ایک بزرگ رفیق مسیح موعود نے خواب میں دیکھا کہ قادیان میں حضرت نواب محمد علی خان صاحب کی کوٹھی میں فرش پر سفید چادر بچھی ہوئی ہے اور فرش پر مکرم ڈاکٹر حشمت اللہ خان صاحب اور مکرم مرزا عبدالحق صاحب کھانا کھا رہے ہیں۔ میرے بیٹے نصراللہ یا ظفراللہ کو بھی کھانے میں شامل کیا گیا ہے۔ کھانے میں پراٹھے اور آم کالذیذ مربہ ہے۔ حضور نے تعبیر کے طور پر فرمایا کہ:۔

"نصراللہ اور ظفراللہ دونوں نام اچھے ہیں۔ انشاء اللہ تائید الٰہی پاکستان کے ساتھ ہو گی۔"

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

ایک شخص نے اپنی یہ خواب حضور کی خدمت میں لکھی کہ وہ خواب میں اپنے ایک دوست کے بیمار لڑکے کی بیمار پرسی کو گیا ہے اور ایک نسخہ لکھا۔ اس میں کچھ دعائیں لکھیں اور لکھا کہ اگر یہ دعائیں لڑکا نہ پڑھ سکے تو والدین ان کو پڑھ کر بچے پر دم کریں انشاء اللہ آرام آجائے گا۔ نسخہ میں یہ دعائیں لکھی ہیں کہ آیۃ الکرسی' تینوں قل اور سورۃ فاتحہ پڑھ کر اس کے جسم پر پھونک ماریں۔ حضور نے تعبیر میں فرمایا:۔

"ٹھیک ہے یہ دعائیں کثرت سے پڑھا کریں۔"

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

ایک بچے نے حضور کی خدمت میں لکھا کہ دعا کریں میرا قد بڑھ جائے لوگ مجھے مخول کرتے ہیں اور طعنہ دیتے ہیں کہ تمہارا قد حضرت صاحب کی دعا سے کیوں نہیں بڑھتا۔ حضور نے فرمایا:۔

"قد ساری عمر میں بڑھتا ہے (مایوس ہونے کی کوئی ضرورت نہیں)۔"

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

ایک دوست نے خواب میں دیکھا کہ حضور نیزہ بازی کے میدان میں ہیں۔ جو گھوڑا حضور کی سواری کے لئے تیار ہے وہ بہت تیز ہے۔ میں ڈرتا ہوں کہ حضور کو گرا نہ دے لیکن حضور اس گھوڑے پر بڑے اطمینان سے سوار ہیں۔ ایک سفید ڈورا جو موم بتی کی طرح ہے' وہ اوپر سے نیچے لٹکا ہوا ہے۔ حضور نے اس کو نیزے کی انی سے چھید دیا ہے۔ میں خواب میں ہی سمجھتا ہوں کہ سفید ڈورے سے مراد عیسائیت ہے۔ حضور نے اسے تین دفعہ چھیدا ہے۔

حضور نے ان کی اس خواب اور تعبیر کو ملاحظہ فرما کر ارشاد فرمایا۔ "ٹھیک ہے۔"

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

ایک مخلص رفیق مسیح موعود نے خواب میں دیکھا کہ کوئی شخص یہ شعر پڑھ رہا ہے ؎

حافظا ظاہر مکن اسرار رب العالمین

پھر ایک تولیہ دیکھا جس کو میں نے درمیان سے کاٹ دیا ہے اور اس پر میں افسوس کرتا ہوں۔ حضور نے تعبیر میں فرمایا۔ "مخالفت کی طرف اشارہ ہے۔"

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

ایک نوجوان نے حضور کی خدمت میں لکھا کہ میں نے یتیمی کی حالت میں اپنے چچاؤں کے ہاں پرورش پائی ہے۔ اب میں جوان ہوں۔ میرے ایک چچا نے مجھے رشتہ دینے کا وعدہ کیا ہے۔ ایک اور احمدی دوست بھی رشتہ دینے کے لئے تیار ہیں۔ حضور مشورہ عطا فرمائیں میں کس کو ترجیح دوں۔ حضور نے ارشاد فرمایا:۔

"دونوں میں سے جو پسند ہو۔"

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

ایک شخص نے خواب میں دیکھا کہ اس کی شادی ایک غریب گھرانے میں ہوئی ہے۔ جہیز میں تین بکس ملے ہیں۔ ایک سالے کا نام نورالدین ہے' دوسرے کا یوسف۔ تعبیر میں حضور نے فرمایا۔

"بھائیوں کے نام اچھے ہیں۔ مبارک خواب ہے۔"

ایک شخص نے خواب میں دیکھا کہ اس نے ایک سفید مرغی کو ذبح کرنے کے لئے زمین پر لٹایا ہے۔ جب اسے ذبح کرنے کے لئے چھری کو ہاتھ میں پکڑا تو کیا دیکھتے ہیں کہ سامنے ہمارا چھوٹا بچہ کھڑا ہے۔ بہرحال اسے اپنا بیٹا سمجھتے ہوئے بھی ذبح کر دیا۔ بوقت ذبح خون کی دھار نکلی۔ حضور نے تعبیر میں فرمایا:۔

"بچے کو وقف کرنے کی طرف اشارہ ہے۔"

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

ایک شخص نے اپنی یہ خواب حضور کی خدمت میں لکھی کہ وہ اپنے پانچ سالہ بچے کو بطور صدقہ ذبح کر رہا ہے پھر اس کی کھال کو سی کر چارپائی پر لٹا دیا ہے اور اس کے گوشت کو کاٹ کاٹ کر برتنوں میں ڈالا ہوا ہے۔ حضرت نے تعبیر میں فرمایا:۔

"اللہ تعالیٰ فضل کرے۔ بچے کو ذبح کرنے سے مراد قوم یا دین کے لئے وقف کرنا ہوتا ہے۔"

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

ایک دوست نے خواب میں دیکھا کہ اس کی لڑکی جس کی عمر 9 سال ہے' اس کے پاس اس کا اپنا بچہ جو دو اڑھائی سال کی عمر کا ہے وہ ہے اور بچی حاملہ ہے اور بہت تکلیف محسوس کر رہی ہے۔ حضور نے تعبیر میں فرمایا:۔

"اچھی خواب ہے۔ کوئی بظاہر ناممکن کام ہو جائے گا۔"

(خالد نومبر 65ء)

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

الفضل انٹرنیشنل سے

رپورٹ: حمیداللہ ظفر صاحب

گنی بساؤ میں تربیتی کلاس برائے نومبایعین

گنی بساؤ میں خدا تعالیٰ کے فضل سے گاہے بگاہے نومبایعین کی تربیت کے سلسلہ میں مختلف پروگرام ترتیب دئے جاتے ہیں جن میں سے ایک اہم ذریعہ تربیتی کلاسوں کا انعقاد ہے۔

امسال اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے جلسہ سالانہ لندن کے بعد جماعت احمدیہ گنی بساؤ کو اس سال کی پہلی سات روزہ تربیتی کلاس مورخہ 24۔ ستمبر تا 30۔ ستمبر منعقد کرنے کی توفیق ملی۔

ہماری یہ تربیتی کلاس گابو (Gabu) ریجن میں سونا کو (Sonaco) مقام پر (جو کہ اس ریجن کا سینٹر بھی ہے) منعقد کی گئی۔ اس ریجن میں مسلمانوں کی اکثریت ہے اور جماعت کی مخالفت بھی اس ریجن میں زیادہ ہے۔ اس ریجن میں ہماری یہ پہلی کلاس تھی۔

خدا کے فضل سے اس کلاس کی تیاری ایک ماہ قبل شروع کر دی گئی تھی اور گنی بساؤ کے تمام ریجنز سے نومبایعین کے نمائندگان کا انتخاب کیا گیا تھا۔ اس کلاس کی کل حاضری 155 تھی جس میں 58 معلمین' 14 ائمہ کرام' 5۔ الکالی (نمبردار) صاحبان اور ایک چیف اور دو احمدی ممبران پارلیمنٹ نے شرکت کی۔ اس طرح کل 45 جماعتوں کے نمائندگان نے شرکت کی۔

ایک دوست جو کہ بڑے پڑھے لکھے تھے روزانہ 50 کلو میٹر کا سفر موٹر سائیکل پر کر کے کلاس میں شرکت لئے ساتھ والے ریجن سے آتے رہے۔

اس کلاس کے لئے تدریس و رہائش کا بہت اچھا انتظام ہمارے لوکل صدر جماعت مکرم علی امبالو (Aliombalo) صاحب نے (جو کہ سیکٹر کے پرائمری سکولوں کے ڈپٹی ڈائریکٹر ہیں) دو سکولوں میں کیا تھا۔

کلاس کا آغاز صبح باجماعت نماز تہجد سے ہوتا رہا۔ بعد ازاں یسرنا القرآن اور قرآن کریم صحت کے ساتھ پڑھنا' ابتدائی فقہی مسائل' حدیث' تاریخ اسلام' تفسیر القرآن و ابتدائی دینی مسائل سکھائے جاتے رہے۔

ایک پروگرام جو کہ نماز مغرب تا عشاء روزانہ ہوتا تھا اور سب سے زیادہ لوگوں کی دلچسپی کا باعث رہا وہ سوال و جواب کی محفل تھی۔ بڑے ذوق و شوق سے کثیر تعداد میں لوگ اس پروگرام میں شامل ہوتے رہے۔

ایک بزرگ جو کہ نو احمدی ہوئے ہیں انہوں نے

باقی صفحہ 7 پر

Digitized by Khilafat Library Rabwah

پروفیسر سیدہ نسیم سعید صاحبہ

پیاری حضرت سیدہ چھوٹی آپا صاحبہ

حضرت مسیح موعود کو اللہ تعالیٰ نے خوشخبری دی کہ "میں اپنی نعمتیں تجھ پر پوری کروں گا اور خواتین مبارکہ سے جن میں سے تو بعض کو اس کے بعد پائے گا.....

(تذکرہ ص 144)

احمدیوں کی عظم واجب الاحترام شخصیت 'ماں جیسی شفیق ہستی' حضرت سیدہ اماں جان کی سب سے بڑی اور چہیتی بھتیجی حضرت ڈاکٹر میر محمد اسماعیل صاحب کی بڑی صاحبزادی' حضرت مصلح موعود کی بیگم اور حضرت مسیح موعود کی بہو خاتون مبارکہ حضرت سیدہ مریم صدیقہ' ام متین حضرت سیدہ چھوٹی آپا صاحبہ 3 نومبر 1999ء کو اکیاسی سال کی عمر میں اپنے سب چاہنے والوں کو چھوڑ کر اپنے سب سے زیادہ چاہنے والے کے پاس چلی گئیں۔

بلانے والا ہے سب سے پیارا
اسی پہ اے دل تو جاں فدا کر

حضرت مصلح موعود کی خداداد فہم و فراست نے احمدی عورتوں کی تعلیمی ضرورت اور تربیت و اصلاح کی کمی کو شدت سے محسوس کیا۔ آپ کا دل چاہتا تھا کہ احمدی عورتیں دین کی عالمہ قرآن و حدیث کی معلمہ بن کر اپنی صنف کی رہنمائی کرنے والی بنیں۔ آپ کی متعدد شادیوں کی بھی یہی وجہ تھی کہ آپ چاہتے تھے کہ آپ کی تربیت اور صحبت سے فیضیاب ہو کر آپ کی زوجہ محترمہ خواتین میں علمی و دینی شعور اور بیداری پیدا کرنے والی ہوں۔

اسی اعلیٰ مقصد کے لئے حضرت صاحب نے حضرت سیدہ مریم صدیقہ صاحبہ سے 1935ء میں شادی کی۔ شادی کے وقت سیدہ نے صرف میٹرک کیا تھا۔ آپ نے شادی کے بعد حضرت صاحب کی خواہش کے احترام میں باقی سب ذمہ داریوں کے ساتھ پڑھائی شروع کر دی۔ دینیات کی انتہائی تعلیم کی سند علیمہ آپ نے مجلس تعلیم قادیان سے حاصل کی اور ایف اے' بی اے کر کے ایم اے عربی کیا۔ اور حضرت مصلح موعود کی دلی خواہش کو پورا کیا کہ آپ کی کوئی بیگم اعلیٰ تعلیم حاصل کریں اور آپ کی دست راست بن سکیں چنانچہ آپ نے حضرت صاحب کی اس خواہش کو اپنی زندگی کا نصب العین بنا لیا۔ آپ 1942ء سے 1958ء تک لجنہ اماء اللہ کی جنرل سیکرٹری اور 1958ء سے نومبر 1997ء تک صدر لجنہ اماء اللہ کی ذمہ داریاں نہایت احسن طریق پر ادا کرتی رہیں گویا لجنہ اماء اللہ اور حضرت سیدہ چھوٹی آپا صاحبہ ایک وجود بن چکی تھیں۔ لجنہ اماء اللہ کا نام لو تو حضرت چھوٹی آپا صاحبہ سامنے آتی تھیں اور حضرت چھوٹی آپا کا نام لو تو لجنہ خیال میں آتی ہے۔ حضرت صاحب کی تعلیم و تربیت اور ذاتی توجہ نے حضرت سیدہ کی صلاحیتوں کو مزید صیقل کر دیا۔ لجنہ اماء اللہ کے تنظیمی کاموں کو کرنے کے ساتھ ساتھ احمدی عورتوں کی تعلیم و تربیت کے لئے ہمیشہ نئے سے نئے اور اعلیٰ پروگرام بناتی رہیں۔ آپ کی تربیتی تقاریر احمدی مستورات میں ایک نیا جوش و ولولہ عزم اور ارادہ پیدا کرتی تھیں۔

کسی کی زندگی میں پچپن سال ایک اہم عرصہ اور مدت ہوتی ہے جس میں ہر قسم کے نشیب و فراز کامیابیاں اور ناکامیاں ساتھ ساتھ ہوتی ہیں۔ ہم دیکھتے ہیں کہ حضرت سیدہ نے ان 55 سالوں میں اپنی تمام دلچسپیاں لجنہ کے ساتھ وابستہ کر دیں تقسیم ملک سے لجنہ کی زندگی میں بھی نشیب و فراز آئے ہر قسم کی مشکلات اور ناموافق حالات کا سامنا کرنا پڑا لیکن خدا تعالیٰ کے فضل سے حضرت سیدہ کی انتھک محنت خلوص اور لگن سے قافلہ لجنہ ہر روز آگے سے آگے ہی بڑھتا رہا آپ کی خواہش اور کوشش ہوتی تھی کہ ہر عورت اور لڑکی لجنہ کی تنظیم سے پوری پوری وابستہ ہو جائے اور لجنہ کے اعلیٰ مقاصد کی تکمیل میں کوشاں رہے۔ آپ نے سینکڑوں بلکہ ہزاروں خواتین کو لجنہ کا کام کرنا سکھایا۔

حضرت سیدہ کو حضرت مصلح موعود کی تیس سالہ رفاقت اور خصوصی تربیت حاصل رہی۔ آپ کی تعلیم و تربیت کے لئے حضرت صاحب نے قرآن کریم کے مختلف حصوں کے درس گھر میں دیئے 1957ء میں حضرت صاحب تفسیر صغیر تحریر فرما رہے تھے تو قرآن مجید کے بیشتر حصے کا ترجمہ آپ سے لکھوایا اسی طرح حواشی کے مختصر نوٹ بھی آپ سے لکھوائے۔ اس طرح آپ کو حضرت صاحب سے بالمشافہ کلام الٰہی سیکھنے کی سعادت نصیب ہوئی۔ حضرت صاحب اور اپنے والد کی دعاؤں سے آپ کے دل میں قرآن کریم کی محبت جاگزیں ہو گئی۔ آپ ہمیشہ ہی اپنی تقاریر میں تعلیم قرآن پر زور دیتے ہوئے فرمایا کرتی تھیں کہ "آپ اپنی لڑکیوں کو دنیا کی اعلیٰ سے اعلیٰ تعلیم دلواتی ہیں تعلیم میں حائل ہر قسم کی مشکلات کی پرواہ نہیں کرتیں لیکن جب تعلیم قرآن کی بات آتی ہے تو سو حیلے بہانے تراشتی ہیں۔ یاد رکھئے کہ خدا تعالیٰ کے یہاں دنیا کی اعلیٰ ڈگریاں کسی کام نہیں آئیں گی۔ ہاں نماز اور قرآن کریم ہی آپ کے حق میں گواہی دینے کھڑے ہوں گے۔

قرآن کریم کی تعلیمات کو عام کرنے کی یہی تڑپ اور لگن تھی کہ آپ نے سینکڑوں بلکہ ہزاروں خواتین اور بچیوں کو خود ترجمہ قرآن کریم پڑھایا۔ مجھے حضرت سیدہ چھوٹی آپا صاحبہ کے یہاں کئی مرتبہ دس دس پندرہ پندرہ دن رہنے کی سعادت نصیب ہوئی۔ 72'1971ء میں جب لجنہ کے پچاس سالہ جشن پر میں لجنہ کا خصوصی مجلّہ تحریر کر رہی تھی۔ اور 1988ء میں جب آپ کے ارشاد پر جماعت کے جشن صد سالہ پر لجنہ کی طرف سے شائع ہونے والا مجلّہ تحریر کر رہی تھی۔ اس دوران قیام میں یہ دیکھ کر حیران رہ جاتی کہ نماز فجر کے ایک گھنٹہ بعد سے ہر عمر کی لڑکی سکول اور کالج جاتے ہوئے قرآن کریم کا ترجمہ حضرت سیدہ سے پڑھنے چلی آ رہی ہے۔ کوئی کسی پارے پر اور کوئی کسی پارے پر اور آپ ہر آنے والی کو الگ الگ سبق دے رہی ہیں پچھلا سنتی ہیں اور اگلا دیتی ہیں۔ میں نے آپ سے پوچھا کہ آپ کلاس لگا کر ایک ہی دفعہ سب کو کیوں نہیں پڑھا دیتیں اس طرح تو آپ تھک جاتی ہوں گی۔ مسکرا کر فرمانے لگیں "قرآن کریم پڑھاتے ہوئے خدا کے فضل سے میں کبھی تھکا نہیں کرتی۔ دراصل کوئی بچی سکول کی ہے کوئی کالج کی پھر کوئی قریب رہتی ہے کوئی دور سے آتی ہے کوئی ماں کے ساتھ گھر میں کام کرا کے آ رہی ہوتی ہے میں ان بچیوں کی سہولت کے پیش نظر جیسے یہ آتی ہیں ان کو پڑھاتی جاتی ہوں۔" سکول کالج کی بچیاں پڑھ کر چلی جاتیں تو دوسری لڑکیاں اور عورتیں پڑھنے آتیں۔ غرض صبح ساڑھے نو دس بجے تک یہ سلسلہ چلتا۔ فضل عمر تعلیم القرآن کلاس میں آپ نے لجنہ کی بھی شمولیت کروائی۔ طالبات کی نگرانی اور دلچسپی بڑھانے کے لئے آپ خود بھی کلاس میں آتیں۔ رمضان المبارک میں بیت المبارک میں درس قرآن کریم میں آ کر شامل ہو جاتیں۔ آپ کے آنے کی وجہ سے خواتین اور بچیوں کی حاضری ایک دم بڑھ جاتی۔ آپ نے اپنی تفسیر صغیر کی اس طرح جلد بند کروائی ہوئی تھی کہ ایک صفحہ قرآن کریم کا دوسرا صفحہ سادہ اور اس سادہ صفحے پر آپ اہم نکات درس درج فرماتیں۔ آپ کو دیکھ کر طالبات بھی توجہ سے نوٹس لیتیں۔

حضرت سیدہ چھوٹی آپا صاحبہ حضرت مصلح موعود کی ماموں زاد بہن تھیں۔ ددھیال کی طرف سے دہلی کے سیدوں کی اعلیٰ صفات کی حامل اور خواجہ میر درد کی علمی و تحقیقی خصوصیات اپنائے ہوئے۔ حضرت مصلح موعود آپ کی چھپی ہوئی صلاحیتوں کو بھانپ چکے تھے چنانچہ حضرت صاحب نے آپ کی تعلیم و تربیت پر پوری توجہ دی جوہری جس طرح ہیرے کو تراش خراش کر کے اس کی ہر جہت کو روشن سے روشن تر کرتا ہے حضرت صاحب جیسے جوہری نے چھوٹی آپا کو وہی ہیرا بنا دیا جو آپ کو مطلوب تھا۔ اسی وجہ سے اندرون خانہ آپ حضرت صاحب کی پرائیویٹ سیکرٹری تھیں۔ خطوط کے جواب لکھتیں۔ تقاریر کے نوٹس لکھتیں۔

خدائی نوشتوں کے مطابق جب قادیان دارالامان سے احمدیوں کو ہجرت کرنی پڑی تو حضرت مصلح موعود نے حضرت اماں جان اور خاندان حضرت مسیح موعود کی دیگر تمام خواتین کو 25۔ اگست 1947ء کو قادیان سے لاہور بھیج دیا تھا۔ لیکن حضرت سیدہ مریم صدیقہ صاحبہ کو اپنے ساتھ 31۔ اگست 1947ء کو لاہور بذریعہ کار لائے۔ اس طرح حضرت چھوٹی آپا کو ہجرت میں حضرت مصلح موعود کی ہمرکابی کی سعادت ملی۔

(تاریخ لجنہ جلد دوم ص 3)

حضرت مصلح موعود کی مشہور تقاریر سیر روحانی کے سلسلہ کی موجب ایک طرح حضرت سیدہ چھوٹی آپا ہی بنیں یہ تقاریر جلسہ سالانہ 1938' 1940' 1941' 1948' 1950' 1951' 1956 میں حضرت صاحب نے کیں۔ اور مختلف جلدوں میں مرتب کی گئیں اس کی جلد دوم کے دیباچہ میں حضور فرماتے ہیں۔ "میں اس کتاب کو مریم صدیقہ کے نام معنون کرتا ہوں کیونکہ انہی کو حیدر آباد دکھانے کے لئے یہ سفر اختیار کیا گیا تھا جس میں یہ مضمون خدا تعالیٰ کے فضل سے کھلا ہے گو اس سفر میں میری ہمشیرہ عزیزہ مبارکہ بیگم بھی ساتھ تھیں اور میری لڑکی عزیزہ امتہ القیوم بیگم بھی ساتھ تھی۔ مگر اصل میں یہ سفر مریم صدیقہ کو حیدر آباد دکھانے کے لئے ہی اختیار کیا گیا تھا جہاں ان کے بہت سے رشتہ دار ہیں کیونکہ میں چاہتا ہوں کہ اس کتاب کا ثواب ہمیشہ ان کو پہنچتا رہے۔ زندگی میں بھی اور زندگی کے بعد بھی اور کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ مرنے والے تک صدقہ اور دعا ہی پہنچتے ہیں اس لئے اس کتاب کا سارا خرچ میں مریم صدیقہ کی طرف سے دوں گا تاکہ جو لوگ اس کتاب کو پڑھ کر فائدہ اٹھائیں وہ ان کے لئے دعا کریں اور جتنی جلدیں مفت شائع کی جائیں ان کے صدقہ کا ثواب تا ابد پہنچے۔

پس میں (۔) ہدایت کرتا ہوں کہ اس کی طباعت کا سب خرچ میں مریم صدیقہ کی طرف سے دوں گا۔ تمام کتب میں سے دو سو کتابیں غریب مستحقین کو 1/8 قیمت پر دیں اور ایسے لوگوں کو دی جائیں جو اس دیباچہ کے پڑھنے اور پڑھوانے کا اور دعا کا وعدہ کریں اور پانچ سو کتاب نصف قیمت پر مستحقین کو تقسیم کریں اور باقی کتابوں کی جو قیمت آئے اور جو سب کتابوں کا نفع آئے اس کا نام "مریم صدیقہ فنڈ" رکھ کر ہمیشہ ہمیش کے لئے (دینی) لٹریچر شائع کرتے جائیں اور اس صدقہ جاریہ کو عملاً جاری رکھا جائے۔"

مرزا محمود احمد خلیفۃ المسیح الثانی

17-4-1956

وہ بیوی خوش قسمت ہوتی ہے جس کا شوہر اس کے مرنے کے بعد صدقہ جاریہ کے طور پر اس کا ذکر خیر کرتا یا اس کی طرف سے کوئی صدقہ و خیرات کرتا ہے لیکن بیوی کی زندگی میں علم نہیں ہوتا کہ اس کے لئے ایسا کیا جائے گا۔ لیکن حضرت سیدہ مریم صدیقہ وہ خوش قسمت بیوی تھیں جن کے عظیم المرتبت شوہر نے اپنی بیوی کی طرف سے مندرجہ بالا صدقہ جاریہ کا اعلان فرمایا۔ سبحان اللہ کیسا قدر دان میاں اور کیا خوش بخت بیوی۔

حضرت سیدہ چھوٹی آپا اپنی ذات میں ایک انجمن تھیں ایک ہمہ گیر شخصیت تھیں آپ حضرت مصلح موعود کے ہاتھوں سے تراشا ہوا وہ ہیرا تھیں جس کی ہر جہت اور ہر رخ روشن اور تابناک تھا۔ آپ پر ایک ضخیم کتاب لکھی جائے گی۔ احمدی خواتین کی اکثریت آپ سے فیضیاب ہوئی آپ نے سینکڑوں نہیں ہزاروں خواتین اور بچیوں کو لجنہ کا کام کرنا سکھایا جو آج ساری دنیا میں بحسن و خوبی لجنہ کے کام کر رہی ہیں خود بھی ثواب کما رہی ہیں اور حضرت سیدہ کے لئے بھی صدقہ جاریہ بنی ہوئی ہیں۔

ان میں سے ہر خاتون کا فرض ہے کہ آپ کی سیرۃ کے مختلف پہلوؤں پر اپنے تاثرات الفضل

اور مصباح میں اشاعت کے لئے دیں۔ جدائی کا صدمہ اس وقت تازہ ہے آپ کی یادیں تازہ ہیں حضرت چھوٹی آپا سے محبت و عقیدت کا تقاضا ہے کہ ان سے وابستہ یادیں اور باتیں فوراً لکھیں ورنہ آج اور کل کے چکر میں یہ وقت گزرتا جائے گا۔ یادیں دھندلی ہو جائیں گی۔

لکھنے کی تاکید بار بار اس لئے ہے کہ لجنہ اماء اللہ لاہور کا شعبہ تصنیف و تالیف حضرت مسیح موعود کی الٰہی بشارت کہ "میں اپنی نعمتیں تجھ پر پوری کروں گا اور خواتین مبارکہ سے جن میں سے تو بعض کو اس کے بعد پائے گا....." (تذکرہ ص140) کی روشنی میں خواتین مبارکہ کی سیرۃ وسوانح لکھنے کے سلسلے کو شروع کر چکی ہے۔ حضرت سیدہ نواب مبارکہ بیگم صاحبہ جو نہایت درجہ بابرکت وجود تھیں ان کی سیرۃ و سوانح مرتب کرتے ہوئے پتہ چلا کہ آپ کی وفات کے بعد مصباح اور الفضل میں گنتی کی چند خواتین نے مضامین لکھے حالانکہ ایک دنیا آپ کی دعاؤں سے فیضیاب تھی۔ کثرت سے خواتین کے پاس آپ کی یادیں اور باتیں سینے میں محفوظ ہیں۔ لیکن لکھنے کی جھجک کی وجہ سے دلوں کی باتیں دلوں میں ہی رہ گئیں جبکہ ہمارے پیارے خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز بار بار تاکید فرماتے ہیں کہ اپنے بزرگوں کے واقعات اور حالات آنے والی نسلوں کے لئے محفوظ کرو۔ اور یہ وجود تو مبارک خواتین میں شامل ہیں۔

حضرت چھوٹی آپا صاحبہ سے محبت و عقیدت کے اظہار کے طور پر مضامین لکھیں اگر مضمون لکھنا نہیں آتا تو آپ کے ساتھ حضرت سیدہ کا حسن سلوک کوئی واقعہ کوئی نصیحت کوئی بات ہی لکھ دیں۔ سیرۃ مرتب کرنے والے ان میں سے کچھ نہ کچھ نکال لیں گے۔

لجنہ کی ممبرات اور عہدیداران کے علاوہ حضرت سیدہ چھوٹی آپا صاحبہ کی بہنوں بھاوجوں بھانجیوں بھتیجوں اور سب افراد خاندان سے گزارش ہے کہ ان کے ذکر خیر کو جاری رکھیں۔

اللہ تعالیٰ حضرت سیدہ کو اپنے پیاروں کے پاس جنت الفردوس میں جگہ دے اور لجنہ اماء اللہ ہمیشہ آپ کے لئے صدقہ جاریہ کا باعث بنے۔ آمین

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ماخوذ

نزلہ زکام سے نجات کے دس گر

بارشوں کے ساتھ ہوا مرطوب، ماحول نم ہو جاتا ہے اور جو آپ بھیگ جائیں تو چھینکوں، نزلے زکام اور گلے میں خراش کی شکایت بھی لاحق ہو جاتی ہے۔ اس کے بعد آنے والے سرد موسم میں یہ شکایت اور بھی عام ہوتی ہیں۔

ان کا علاج سیدھا سادہ ہوتا ہے جو صدیوں کا آزمودہ ہے۔ انہیں اب جدید طب کے حامی بھی مفید اور موثر تسلیم کرنے لگے ہیں۔ ان شکایات کا مقابلہ کرنے کے لئے جو دس گر بتائے جا رہے ہیں، یقیناً آپ بھی ان سے مستفید ہو سکتے ہیں۔

پہلا گر۔ آرام

نزلہ، جسم کا اعلان ہوتا ہے کہ اسے آرام کی ضرورت ہے۔ اس کا نظام مدافعت، چھینکوں اور بہتی ناک کے ذریعے یہی بتاتا ہے کہ اب کم از کم ایک دو روز تک آرام کیا جائے۔ بھاگ دوڑ سے بچا جائے۔ بڑی بوڑھیاں یہی مشورہ دیتی تھیں، "بستر میں لیٹ جاؤ!" ان کا مشورہ تین روز آرام کا ہوتا تھا۔ ضروری نہیں کہ آپ سارا وقت لیٹے ہی رہیں، بس معمول کی مصروفیات سے بچئے۔ لیٹ کر دیکھیے، نیند آ جائے تو سو جائیے کہ جسم کو اسی کی ضرورت تھی۔

دوسرا گر۔ گٹھڑی بن جائیے

بڑے بوڑھوں کا مشورہ یہ بھی ہوتا تھا کہ خوب اچھی طرح اوڑھ لپیٹ کر گٹھڑی بن کر لیٹ جائیں۔ اس طرح جسم میں حرارت پیدا ہوتی اور اس کا نظام مدافعت چوکس ہو جاتا ہے دکھتے عضلات کو آرام ملتا ہے۔ اکثر جانور بھی یہی کرتے ہیں۔

تیسرا گر۔ حقہ بیڑی بند کیجئے

تمباکو اور اس کا دھواں ناک اور گلے میں سوجن بڑھا دیتا ہے۔ اس سے جسم میں حیاتین ج (وٹامن سی) کی سطح بھی گر جاتی ہے جس کا مطلب قوت مدافعت میں کمی ہے۔ تمباکو کے دھوئیں سے پھیپھڑوں کے اندر واقع باریک روئیں بھی سست ہو جاتے ہیں جس کی وجہ سے بلغم خارج ہونے کی رفتار سست پڑ جاتی ہے اور وہ ناک حلق سے خارج ہونے کی بجائے پھیپھڑوں کے اندر گرنے یا ٹپکنے لگتا ہے۔ اس طرح پیچیدگی میں اضافہ ہو جاتا ہے۔

چوتھا گر۔ پانی خوب پیجئے

نزلے زکام کے دوران یہ ضروری ہے کہ آپ ہر دو گھنٹے بعد آٹھ اونس پانی پئیں۔ اس سلسلے میں یہ ضرور یاد رہے کہ ٹھنڈا پانی نہ پیا جائے اور نہ کولڈ ڈرنکس سے شوق کیا جائے۔ سادہ پانی یا بہتر ہے کہ نیم گرم پانی باقاعدگی سے دو دو گھنٹے بعد پیا جائے۔ پانی کی جگہ دار چینی کی چائے، سادہ ہلکی چائے، بنفشہ کی چائے، گندم کی چھنی ہوئی بھوسی (چوکر) کا جوشاندہ، شکر یا نمک کالی مرچ کے ساتھ یا گرم پانی میں شہد گھول کر بھی پی سکتے ہیں۔ اس گرم مشروب میں لیموں کا رس شامل کرنے سے یہ اور بھی مفید ہو جاتا ہے بشرطیکہ کھانسی نہ ہو۔ مرغی کا سوپ یعنی یخنی نزلے کا بہترین علاج ہوتی ہے۔ دن بھر میں اس کی دو تین پیالیاں ہلکے نمک مرچ کے ساتھ استعمال کرنا ایک بڑی مفید تدبیر ثابت ہوتی ہے جو دراصل نزلے کے جراثیم سے لدی ہوتی ہے۔ یہ جتنی زیادہ خارج ہوگی، نزلے کے مضر اثرات اتنے ہی کم ہوتے جائیں گے۔ مرغی کی جگہ کالے چنوں کی یخنی بھی استعمال کی جا سکتی ہے یا پھر مونگ مسور کی پتلی دال بھی بطور شوربا پی جا سکتی ہے۔ ان میں ادرک، لہسن، ہری مرچ، پیس کر ملا لینے سے جسم میں حرارت و توانائی میں اضافے کے ساتھ ساتھ نزلاوی رطوبت کا اخراج اچھی طرح ہوتا ہے۔

پانچواں گر۔ رومال استعمال کیجئے

یہ بہت اہم گر ہے۔ ہمارے ہاں لوگ اس پر بالکل عمل نہیں کرتے۔ نزلے کی حالت میں بڑی بے تکلفی سے ہر چیز چھوتے رہتے ہیں۔ گلاس، برتن پیالی، کٹورے استعمال کر کے دوسروں کو بھی نزلے کا شکار بننے کا مواقع فراہم کرتے ہیں۔ جہاں جی چاہے ناک صاف کر کے فرش، کپڑوں، چادروں کو آلودہ کر دیتے ہیں۔ نزلہ ہو جائے تو صاف ستھرے نیپکن، تولیے اور رومال سے ناک صاف کیجئے۔ اسے کسی کو چھونے نہ دیجئے اور کھولتے گرم پانی اور صابن سے دھو کر دھوپ میں خشک کرتے رہیے۔ آج کل ٹشو پیپر کی وجہ یہ کام اور بھی آسان ہو گیا ہے۔ انہیں کسی ڈبے، اگال دان میں ڈھک کر رکھیے اور جمع ہو جائیں تو بہا دیجئے یا جلا دیجئے۔ کپڑے کے مقابلے میں ٹشو پیپر زیادہ بہتر ہوتے ہیں۔ ان میں جراثیم جلد ہلاک ہوتے ہیں۔ ہاتھ بھی بار بار دھوتے رہیے۔

چھٹا گر۔ غرارے کیجئے

ناک کھلی رکھنے اور گلے کی خراش دور کرنے کے لئے نیم گرم نمک ملا پانی بہترین علاج ثابت ہوتا ہے۔ دن میں پانچ چھ مرتبہ نمکین پانی ناک میں وضو کی طرح چڑھائیے۔ اس سے ناک کی اندرونی سطح کا ورم کم ہونے کے علاوہ نزلے کے جراثیم بہہ کر خارج ہو جائیں گے۔ سانس آسانی سے لیا جائے گا اور سر کا بھاری پن بھی دور ہو جائے گا۔ اسی طرح نیم گرم نمکین پانی کے غراروں سے گلا صاف ہو گا۔ جراثیم کی یلغار کم ہو گی اور خراش اور درد میں کمی آ جائے گی۔

اس کے علاوہ اگر ہوا اور گلا خشک ہو تو مصری کی چھوٹی سی ڈلی منہ میں چوستے رہیے یا پھر لونگ یا دار چینی کا ٹکڑا منہ میں رکھ کر چوسیے۔ اس طرح گلا صاف اور تر رہے گا۔ آپ سعالین بھی چوس سکتے ہیں۔ اس سے گلے کے ساتھ نزلے کو بھی آرام ہو گا۔ ایک گلاس نیم گرم پانی میں آدھا چائے کا چمچہ نمک گھول کر غرارے کرنے چاہئیں۔ گلے کی خراش کے ساتھ اگر 101 درجے بخار بھی ہو تو یہ گویا گلے میں چھوت کی علامت ہوتی ہے۔ ایسی صورت میں بھی غرارے مفید ہوتے ہیں۔

ساتواں گر۔ پانی کی پٹی

اوپر بیان کی ہوئی تدابیر کے ساتھ ساتھ خاص طور پر 100 درجہ سے زیادہ بخار کی صورت میں طبی امداد لینی چاہئے۔ بخار کم رکھنے کے لئے پیشانی پر ٹھنڈے پانی کی پٹی رکھیں اور بخار کم کرنے والی دوائیں استعمال کریں اور تکلیف بڑھنے لگے تو معالج سے ضرور رجوع کریں۔

بخار کے ساتھ گردن اکڑتی محسوس ہو، سر میں سخت درد ہو، جسم پر سرخ دھبے نظر آئیں تو فوراً معالج سے رجوع کریں، کیوں کہ یہ ورم دماغ یا گردن توڑ بخار کی علامت ہو سکتی ہیں۔

آٹھواں گر۔ بند ناک کھلی رکھیے

اس کے لئے سیال اشیا کے استعمال کے علاوہ گرم پانی کی بھاپ لینا چاہئے۔ اس میں ہمدرد بام، قلزم یا صرف یوکلپٹس آئل کے ایک دو قطرے ڈال کر بھاپ لینے سے ناک کھل جاتی ہے۔ جو خواتین حاملہ ہوں، بچوں کو دودھ پلا رہی ہوں یا وہ افراد جو قلب کی تکلیف ہائی بلڈ پریشر میں مبتلا ہوں یا فالج کے مریض رہے ہوں، انہیں بند ناک کے سلسلے میں اپنے معالج سے ضرور مشورہ کرنا چاہئے۔

نواں گر۔ کھانسی نہ روکیے

نزلے، گلے کی تکلیف کے ساتھ کھانسی بھی ہو اور بلغم خارج ہو رہا ہو تو اسے روکنے کی کوشش نہ کیجئے بلکہ اس کے اخراج میں مدد دینے کے لئے مصری، سعالین وغیرہ چوستے رہیے۔ گرم بھاپ لیجئے تاکہ گلے کی خراش بھی کم ہو اور بلغم بھی آسانی سے خارج ہوتا رہے۔ لیکن اگر کھانسی بڑھتی جائے، خون آلود بلغم آنے لگے، سینے میں درد ہو اور اس سے آواز آنے لگے تو معالج سے فوراً رجوع کیجئے۔ ممکن ہے آپ نمونیا میں مبتلا ہوں۔

دسواں گر۔ نباتی دوائیں استعمال کیجئے

نزلے کی ابتدا میں پستاں، عناب اور بہی دانہ 3-3 گرام کو جوش دے کر چھان کر مصری یا شکر سے میٹھا کر کے پیتے رہنے سے پیچیدگیاں پیدا نہیں ہوتیں۔ آپ شکر کی جگہ شہد یا بنفشہ کا شربت بھی شامل کر سکتے ہیں۔ شکر مضر ہو تو سادہ استعمال کیجئے۔ اس سے حرارت بھی نہیں ہو گی

Digitized by Khilafat Library Rabwah

اور نزلاوی رطوبت بھی آسانی سے خارج ہوتی ہے اسی طرح جوشیندا یا جوشاندہ استعمال کرنا بھی ایک بڑا مفید علاج ہے۔ نزلے کو جلد روکنے کی کوشش نہیں کرنی چاہئے۔ اس سے بظاہر نزلہ خشک ہو جاتا ہے' لیکن کان' آنکھ' گلے' دماغ اور پھیپھڑے وغیرہ پر اس کے مضر اثرات دیر تک برقرار رہتے ہیں۔ بسا اوقات اسے روک دینا دمے کا باعث بھی بن جاتا ہے۔

(بشکریہ ماہنامہ 'ہمدرد صحت۔ اکتوبر 99ء)

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

اطلاعات و اعلانات

ولادت

○ مکرم طاہر احمد صاحب دارالعلوم غربی ربوہ کو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے مورخہ 27۔ نومبر 1999ء کو بیٹا عطا فرمایا ہے۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ نے "عادل احمد طاہر" نام عطا فرمایا ہے۔ نومولود مکرم سیٹھ عبدالرزاق صاحب آف کرونڈی کا پوتا اور مکرم عبداللطیف صاحب کارکن نظارت اصلاح و ارشاد مرکزیہ کا نواسہ ہے۔ احباب کرام سے درخواست ہے کہ دعا کریں اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے نومولود کو نیک اور خادم دین بنائے اور صحت و تندرستی والی طویل عمر عطا کرے۔ آمین

○ مکرم چوہدری اعجاز احمد وڑائچ صاحب وڑائچ کیمیکلز گوجرانوالہ ابن مکرم چوہدری ظفراللہ صاحب وڑائچ چک نمبر 9 پنیار سرگودھا کو خدا تعالیٰ نے اپنے فضل سے پہلا بیٹا عطا فرمایا ہے جس کا نام "بلال احمد" تجویز کیا گیا ہے۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ خدا تعالیٰ نومولود کو صحت و تندرستی سے نوازے اور خادم دین بنائے۔ آمین

سانحہ ارتحال

○ مکرم محبوب احمد نسیم صاحب فرینکفورٹ جرمنی کے بڑے بھائی مکرم قاضی مبارک احمد صاحب صابر ولد قاضی دین محمد صاحب مرحوم دارالصدر شمالی ربوہ بعمر 74 سال مورخہ 99-11-13 کو وفات پا گئے اسی روز بیت المہدی گولبازار میں بعد نماز عصر جنازہ پڑھا گیا اور قبرستان عام میں تدفین ہوئی۔ مرحوم نے پسماندگان میں 3۔ بیٹے اور ایک بیٹی یادگار چھوڑی ہیں۔ مرحوم کی بلندی درجات کے لئے درخواست دعا ہے۔

اعلان داخلہ

○ انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ لاہور نے ماسٹرز پبلک ہیلتھ میں داخلہ کے لئے درخواستیں طلب کی ہیں۔ دورانیہ پروگرام ایک سال ہے اور تعلیمی قابلیت میں کم از کم M B B S ہونا ضروری ہے۔ داخلہ سے قبل انٹری ٹیسٹ کلیئر کرنا لازمی ہوگا۔ داخلہ فارم ادارہ واقع 6۔ عبدالرحمٰن چغتائی روڈ۔ لاہور فون 7583945 سے بعوض -/200 روپے دستیاب ہیں۔ آخری تاریخ 14۔ دسمبر 99ء ہے اور ٹیسٹ مورخہ 19۔ دسمبر 99ء کو ادارہ میں صبح 9 بجے ہوگا۔ (نظارت تعلیم)

اعلان دارالقضاء

○ (مکرم عبدالمنان ناصر صاحب بابت ترکہ مکرم میاں عبدالسلام صاحب)

مکرم عبدالمنان ناصر صاحب ساکن 8/16 دارالصدر شرقی ربوہ نے درخواست دی ہے کہ میرے والد محترم میاں عبدالسلام صاحب بقضائے الٰہی وفات پا گئے ہیں۔ قطعہ نمبر 16/17 دارالصدر شرقی ربوہ برقبہ 17 مرلہ 184 مربع فٹ ان کے نام منتقل شدہ ہے۔ یہ قطعہ میرے اور میرے بھائی مکرم لطف الرحمٰن جاوید صاحب کے نام منتقل کر دیا جائے۔ دیگر ورثاء کو اس پر کوئی اعتراض نہیں ہے۔ جملہ ورثاء کی تفصیل یہ ہے:-

1۔ محترمہ مختاری بیگم طاہرہ صاحبہ (بیوہ)
2۔ محترمہ امتہ السلام صاحبہ (دختر)
3۔ مکرم عبدالمنان ناصر صاحب (پسر)
4۔ محترمہ امتہ النصیر صاحبہ (دختر)
5۔ محترمہ امتہ المومن صاحبہ (دختر)
6۔ مکرم لطف الرحمٰن صاحب جاوید (پسر)
7۔ محترمہ طیبہ طاہرہ صاحبہ (دختر)

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ اگر کسی وارث یا غیر وارث کو اس انتقال پر کوئی اعتراض ہو تو تیس یوم کے اندر اندر دارالقضاء ربوہ میں اطلاع دیں۔

(ناظم دارالقضاء۔ ربوہ)

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

گمشدہ پرس

ایک عدد لیڈی پرس جس میں نقدی' چند ضروری کاغذات اور ادویات وغیرہ ہیں۔ گولبازار سے دارالعلوم غربی رکشہ پر آتے ہوئے مورخہ 99-11-30 رات کو کہیں گر گیا ہے۔ جس کسی کو ملے براہ کرم دفتر الفضل یا فون نمبر 211370 پر اطلاع دیں یا پہنچا دیں۔

ہومیو ڈسپنسری

○ احمدیہ بیت الذکر نارووال میں بروز جمعہ مورخہ 99-10-22 کو بعد نماز جمعہ مکرم مربی صاحب شہر ارشاد احمد صاحب کے تعاون سے ایک ضلعی ہومیو پیتھی فری ڈسپنسری کا اجراء کیا گیا جس کا افتتاح محترم امیر صاحب چوہدری خورشید انور صاحب ایڈووکیٹ نے فرمایا بعد میں اجتماعی دعا ہوئی۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

عالمی خبریں

عالمی ذرائع ابلاغ سے

مہاتیر محمد کی کامیابی

ملائیشیا میں وزیراعظم مہاتیر محمد کی جماعت قومی محاذ پانچویں مرتبہ بھاری اکثریت سے انتخابات جیت گئی ہے۔ حکمران نیشنل فرنٹ نے پارلیمنٹ کی 193 میں سے 131 نشستیں حاصل کیں۔ دوسری بڑی پارٹی اسلامک ملیشیا صرف 25 نشستوں پر کامیابی حاصل کر سکی۔ مہاتیر محمد نے کہا ہے کہ اقتصادی اصلاحات جاری رہیں گی۔ ملائیشیا جلد ایشیا کی سب سے بڑی اقتصادی قوت بن جائے گا۔ ملائیشیا کے نائب وزیراعظم نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ عوام نے مہاتیر محمد پر اعتماد کر کے امریکہ کا منہ بند کر دیا ہے۔ مہاتیر کی کامیابی امریکہ کی شکست ہے۔

اسامہ کا ہاتھ

امریکہ اور روس کی خفیہ ایجنسیوں نے شبہ ظاہر کیا ہے کہ چیچنیا کی جنگ اور روس میں ہونے والے بم دھماکوں میں اسامہ بن لادن کا ہاتھ ہے۔ خفیہ ایجنسیاں چیچنیا اور داغستان کی لڑائی اور روس میں بم دھماکوں کا تعلق اسامہ بن لادن سے جوڑنے میں سرگرم ہو گئیں۔ سی آئی اے کی رپورٹ کے مطابق اسامہ نے چیچنیا میں تربیتی کیمپ بھی قائم کر رکھے ہیں۔ روس میں دھماکوں کے لئے وہی بم استعمال کئے گئے جو اسامہ کے ساتھی استعمال کرتے ہیں۔

سوڈان کے باغیوں کی امداد

امریکہ سوڈان کی اسلامی حکومت کے خلاف باغیوں کو براہ راست مدد دے گا۔ نیویارک ٹائمز کا انکشاف۔

خواتین کے لئے ووٹ کا حق مسترد

کویت کی پارلیمنٹ نے خواتین کے لئے ووٹ کے حق اور انہیں پارلیمنٹ کی رکنیت کیلئے الیکشن لڑنے کا حق دینے سے متعلق بل مسترد کر دیا ہے۔ بل کے حق میں 30 اور مخالفت میں 32 ووٹ آئے۔ دو ارکان غیر حاضر رہے۔ پارلیمنٹ دو حصوں میں بٹ گئی۔ لبرل ارکان کے علاوہ حکومت کے حامیوں اور شیعہ ارکان نے بل کے حق میں ووٹ دیا۔ سنی ارکان بنیاد پرست اور قبائلی ارکان کی طرف سے مخالفت کی گئی۔

عالمی مذہبی پارلیمنٹ کی تقریبات

دنیا بھر کے مذہبی رہنماؤں نے امریکہ میں ہونے والی عالمی مذہبی پارلیمنٹ کے اجلاس میں شرکت کیلئے اکٹھا ہونا شروع کر دیا ہے۔ یہ تقریب ایک ہفتے تک رہے گی۔ لیکچرز کے علاوہ مختلف عناوین پر تقاریر بھی ہونگی۔ منڈیلا بھی خطاب کریں گے۔

چیچن مجاہدین کی پیش قدمی

چیچن مجاہدین نے پیش قدمی کرتے ہوئے 2 دیہات پر مزید قبضہ کر لیا ہے۔ حملوں میں کئی روسی فوجیوں کو ہلاک کر دیا گیا۔ گروزنی کے رہائشی علاقوں پر راکٹ برسنے سے زبردست تباہی ہوئی ہے۔ 65 مجاہدین نے جام شہادت نوش کیا۔ اسلامی عسکریت پسندوں کی مزاحمت دن بدن بڑھتی جا رہی ہے۔

ایڈوانی کا اعتراف

بھارت کے وزیر داخلہ ایل کے ایڈوانی نے تسلیم کیا ہے کہ مقبوضہ کشمیر میں حالیہ جھڑپوں کے دوران سینکڑوں فوجی مارے گئے ہیں۔ پاکستانی خفیہ ایجنسی آئی ایس آئی مجاہدین کی حمایت کر رہی ہے۔ بھارتی افواج کو علاقے میں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ 295 فوجی ہلاک ہو چکے ہیں۔

جاسوسی کے الزام میں گرفتاری

روس کے دارالحکومت ماسکو میں امریکی سفارت خانے کی ایک خاتون سفارتکار کو حساس فوجی اور دفاعی نوعیت کی دستاویزات چرانے کے جرم میں گرفتار کر لیا گیا ہے۔ ملزمہ کا تعلق امریکی سی آئی اے سے ہے۔

وزیراعلیٰ کے خلاف بغاوت

اڑیسہ میں کانگرس وزیراعلیٰ کے خلاف 150 ارکان صوبائی اسمبلی نے بغاوت کر دی ہے۔ باغیوں میں 14 وزراء بھی شامل ہیں۔

اسامہ کا خوف

کمبوڈیا میں امریکی سفارت خانے نے اپنی سرگرمیاں اسامہ کے حملہ کے خوف سے محدود کر دی ہیں۔ کمبوڈیا کی حکومت نے حملے کے امکان کی تحقیقات شروع کر دی ہے۔

ایڈز کا عفریت

اقوام متحدہ کی تازہ ترین رپورٹ کے مطابق دنیا بھر میں ایڈز کے عفریت نے ایک کروڑ 60 لاکھ افراد کو نگل لیا ہے۔ جبکہ 3 کروڑ 36 لاکھ ایڈز کے مریض ہیں۔

بقیہ صفحہ 4

نے کہا کہ ان کو 25۔ سال ہو گئے ہیں لیکن آج تک حقیقی دین کا علم نہیں ہوا تھا جو کہ ایک ہفتہ میں ہوا ہے اور انہوں نے کہا کہ آئندہ جماعت جہاں بھی ایسا پروگرام کرے گی جس طرح بھی بن پڑے وہ ضرور اس میں شامل ہونے کی پوری کوشش کریں گے۔

خدا تعالیٰ کے فضل سے لجنہ اماء اللہ کی دس ممبرات نے دو گروپوں کی صورت میں شرکاء کلاس کے لئے کھانا پکانے کی ڈیوٹی نہایت احسن رنگ میں ادا کی۔ اللہ تعالیٰ ان سب کو جزائے خیر عطا فرمائے۔

(الفضل انٹرنیشنل 19۔ نومبر 99ء)

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ملکی خبریں

قومی ذرائع ابلاغ سے

یکم دسمبر۔ گذشتہ چوبیس گھنٹوں میں
کم سے کم درجہ حرارت 13 درجے سنٹی گریڈ
زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 24 درجے سنٹی گریڈ
جمعرات 2۔ دسمبر غروب آفتاب۔ 5-06
جمعہ 3۔ دسمبر۔ طلوع فجر۔ 5-24
جمعہ 3۔ دسمبر۔ طلوع آفتاب۔ 6-50

نادہندگان کے خلاف کارروائی ضرور ہوگی

چیف ایگزیکٹو جنرل پرویز مشرف نے کہا ہے کہ مہلت سے فائدہ نہ اٹھانے والے نادہندگان کے خلاف کارروائی ضرور ہوگی۔ ماضی میں صرف امیر مراعات حاصل کرتے تھے۔ اس ذہنیت کو بدل دوں گا۔ مالداروں کو غریبوں کا خون چوسنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ قومی دولت لوٹنے والوں اور بینک نادہندگان سے رقمیں وصول کی جائیں گی اور انہیں سخت سزا دی جائے گی۔ ایک سو احتساب عدالتیں بنیں گی۔ چھ سے آٹھ عدالتیں چار پانچ روز میں کام شروع کر دیں گی۔ پسماندہ علاقوں کی ترقی ہمارے ایجنڈے میں سرفہرست ہے۔ مرکز اور صوبوں میں بہتر مفاہمت پیدا کی جائے گی۔ صوبوں کا احساس محرومی دور کیا جائے گا۔ بلوچستان میں سرمایہ کاری اور ترقی کی نئی راہیں کھولی جائیں گی۔

جنرل مشرف کا دورۂ بلوچستان

چیف ایگزیکٹو جنرل مشرف نے بلوچستان کے دورہ کے دوران تربت اور پشین کا بھی دورہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان معیشت میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ صوبہ کو وفاقی ملازمتوں اور آمدنی سے جائز حصہ دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ مجھے گوادر کی بندرگاہ کی تعمیر میں تاخیر پر حیرت ہے۔

شہباز شریف اور سیف الرحمان جیل میں

انسداد دہشت گردی کی عدالت نے پولیس ریمانڈ ختم ہونے کے بعد پنجاب کے سابق وزیر اعلیٰ شہباز شریف احتساب سیل کے سابق سربراہ سیف الرحمان اور معطل سینیٹر سعید مہدی کو جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیج دیا۔ طیارہ کیس کے تمام ملزمان کو 2۔ دسمبر تک روزانہ جوڈیشل مجسٹریٹ کی عدالت میں پیش کرنے کا حکم دے دیا گیا ہے۔ فاضل عدالت نے کہا کہ ملزمان کو جیل میں اے کلاس دینے کی درخواست کی ضرورت نہیں۔ تمام اراکین پارلیمنٹ اور گریڈ 18 سے اوپر کے افسروں کو یہ حق حاصل ہے انسداد دہشت گردی کی عدالت میں 3 ملزموں کی پیشی کے بعد ساتوں ملزمان کو جوڈیشل مجسٹریٹ ملیر کی عدالت میں پیش کیا گیا۔

ایک لاکھ روپے ماہانہ نکلوانے کی اجازت

جن نادہندگان کے بنک اکاؤنٹس منجمد کئے گئے ہیں ان کو منجمد کھاتوں سے ایک لاکھ روپے ماہانہ نکلوانے کی اجازت دے دی گئی ہے۔ وزیر داخلہ نے بتایا کہ نظربند مسلم لیگیوں کی تفصیلات جمع کر رہے ہیں۔ سرکاری ملازمین کے بیرون ملک جانے کے لئے انٹیلی جنس بیورو سے این او سی کی ضرورت ختم کر دی گئی۔ سابق اراکین پارلیمنٹ کو ملک سے باہر جانے کے لئے چیف ایگزیکٹو سے اجازت لینا ہوگی۔ نئے قانون کے تحت عدالت میں پیش کئے بغیر تفتیش ہو سکتی ہے۔ وزیر داخلہ لیفٹیننٹ جنرل (ر) معین الدین حیدر نے بتایا کہ ضلعی حکومتوں کے قیام پر تھنک ٹینک غور کر رہا ہے۔ جو چھ ماہ میں مکمل ہو جائے گا۔ یہ نظام منتخب باڈی جیسا نہیں ہوگا۔ نئی انتخابی فہرستیں مرتب ہو رہی ہیں۔

بھارتی فوج کی کنٹرول لائن پر گولہ باری

بھارتی فوج نے کنٹرول لائن پر گولہ باری کی۔ مجاہدین نے ایک بھارتی ہیلی کاپٹر مار گرایا بھارتی فوج کی گولہ باری سے ایک مکان تباہ ہو گیا۔ کئی قصبوں پر راکٹ بھی گرائے گئے۔ ایک خاتون زخمی ہو گئی۔ ہیلی کاپٹر بھمبر گلی کے قریب گرایا گیا۔

حاصل پور میں گیس سلنڈروں کا دھماکہ 20 ہلاک

حاصل پور میں گیس سلنڈروں کی دکان میں زبردست دھماکہ ہونے سے اردگرد کے مکانات بھی تباہ ہو گئے۔ مرنے والوں کی تعداد 20 ہو گئی۔ دھماکے سے قریبی مکانوں کی چھتیں اڑ گئیں، مکان گر گئے، مکین نیچے دب گئے۔ لاشیں نکالنے کا کام جاری ہے۔ متعدد زخمیوں کو بھی ملبے سے نکال لیا گیا۔ امدادی کارروائیوں میں فوجی جوانوں نے بھی مقامی انتظامیہ کی بھرپور مدد کی۔

کراچی میں بوری بند لاشیں

کراچی میں کورنگی ڈھائی نمبر سے منگل کو دو لڑکیوں کی بوری بند لاشیں برآمد ہوئی ہیں۔ لڑکیوں کی عمر 22 سے 27 سال بتائی جاتی ہے۔

فیصلہ صرف عوام کر سکتے ہیں

محترمہ بینظیر بھٹو نے کہا ہے کہ مسلم لیگ اور پیپلز پارٹی کے مستقبل کا فیصلہ صرف عوام کر سکتے ہیں۔ احتساب تو ایک مسلسل عمل ہے اس کے لئے جمہوریت کو قربان نہیں کیا جا سکتا ہے۔ ملک پر کس نے حکمرانی کرنی ہے یہ فیصلہ دفتروں میں بیٹھے ہوئے لوگ نہیں کر سکتے۔

نواز شریف کی مشکل

بی بی سی نے کہا ہے کہ نواز شریف کے لئے اپنے مقدمے کو مشکوک قرار دینا خاصا مشکل ہے۔ وہ انسداد دہشت گردی کی ان عدالتوں پر اعتراض نہیں کر سکتے جن کے وہ خود معمار ہیں۔

قیادت کا شوق نہیں

نواز شریف کی اہلیہ بیگم کلثوم نواز نے کہا ہے کہ مجھے قیادت سنبھالنے کا کوئی شوق نہیں۔ مسلم لیگ جنکی ہے اللہ انہیں سلامت رکھے۔ میری جدوجہد صرف ظلم کے خلاف ہے۔ نواز شریف نے کسی قسم کی ہنگامہ آرائی اور توڑ پھوڑ سے منع کیا ہے۔ 50 دن گذر گئے ہیں حسین نواز کی کوئی اطلاع نہیں۔ رائے ونڈ کی رہائش گاہ پر فوج اور پولیس کا پہرہ ہے۔ ہم باہر نہیں نکلتے۔

نواز شریف دور کے مقدمات واپس لینے کا مطالبہ

پاکستان پیپلز پارٹی کے یوم تاسیس میں بینظیر اور زرداری کے خلاف نواز دور کے مقدمات واپس لینے کا مطالبہ کیا گیا۔ اجلاس میں کہا گیا کہ چیف ایگزیکٹو اور بینظیر بھٹو کا ایجنڈا مشترک ہے۔ جنرل پرویز سے اچھے سلوک اور انصاف کی توقع ہے۔ بینظیر وطن واپس آنا چاہتی ہیں۔ ان کے 86ء والے استقبال کی تیاریاں کریں۔

کمانڈر زاہد کی گواہی

وزیر اعظم ہاؤس کے پروٹوکول آفیسر بحریہ کے کمانڈر زاہد محمود نے جوڈیشل مجسٹریٹ ملیر فرید انور قاضی کی عدالت میں بیان دیتے ہوئے کہا کہ نواز شریف نے طیارہ مسقط لے جانے کی ہدایت کی تھی۔ ان کو بتایا گیا کہ ایندھن کم ہے جہاز مسقط نہیں جا سکتا۔ انہوں نے کہا اسے کراچی اترنے دیا جائے۔ مگر سعید مہدی نے کہا کہ جہاز میں نواب شاہ سے ایندھن بھر کے مسقط بھجوا دیا جائے۔ شہباز شریف اور سیف الرحمان بھی موجود تھے۔ سیف الرحمان نے کہا کہ جہاز پشاور بھیج دیا جائے۔ وزیر اعظم ہاؤس کے ٹیلی فون آپریٹر نے بھی گواہی دی اور لمحہ بہ لمحہ وقت بتایا کہ کس کس وقت نواز شریف نے طیارے کے بارے میں ہدایات جاری کیں۔

نواز شریف "شہید" بن جائیں گے

بینظیر بھٹو نے کہا ہے کہ داداگیری کی گئی تو نواز شریف شہید بن جائیں گے۔ نواز شریف کا مقدمہ خود انہی کی بنائی ہوئی عدالتوں میں ہے۔ یہی خدا کا قانون ہے۔

بقیہ صفحہ 1

بڑی ہیں وہ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کی بہو اور محترم صاحبزادہ مرزا انس احمد صاحب کی بیگم صاحبہ ہیں۔ دو بیٹوں میں سے مکرم صاحبزادہ مرزا نصیر احمد طارق صاحب اس وقت امیر ضلع جماعت احمدیہ جہلم کے طور پر خدمات دین بجالا رہے ہیں ان کی بیگم صاحبہ محترمہ صاحبزادی نصرت جہاں بیگم صاحبہ بنت محترم صاحبزادہ مرزا مجید احمد ہیں۔ دوسرے بیٹے محترم صاحبزادہ مرزا سفیر احمد صاحب حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ کے داماد ہیں حضور کی بیٹی محترمہ صاحبزادی شوکت جہاں احمد صاحبہ انکی بیگم صاحبہ ہیں۔

ادارہ الفضل محترم صاحبزادہ مرزا منیر احمد صاحب کی وفات پر سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ اور دیگر افراد خاندان حضرت مسیح موعود کی خدمت میں دلی تعزیت کے جذبات پیش کرتا ہے اور دعا گو ہے کہ مولا کریم اپنے فضل سے صاحبزادہ صاحب مرحوم کے درجات اپنے قرب میں بڑھاتا رہے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ آمین۔

بوہڑ والی گولیاں رجسٹرڈ -/45 کیمائے عشرت -/120
سفوف کرم پال مغلظ -/40 اکسیر جگر معدہ -/15
قاضی دواخانہ چک چٹھہ - رجسٹرڈ
گوجرانوالہ روڈ حافظ آباد فون 0438-2114

ایچ خان ہوٹل (رحمت بازار بالمقابل ریلوے گودام) ربوہ
ماہ رمضان المبارک کیلئے خصوصی رعایت
☆ سادہ نان (1-50) ☆ روغنی نان (5-00)
☆ آلو والا نان (7-00) ☆ قیمے والا نان (10-00)
اور ہر قسم کے عمدہ اور لذیذ کھانے اعلیٰ مٹھائیوں کا مرکز۔
خصوصی تقریبات کے لئے آرڈر پر ہر قسم کی دیگیں پکوانے کے لئے ہماری خدمات حاصل کریں۔
سحری اور افطاری کے وقت ہوٹل کھلا رہے گا۔

دو کارکنان کی ضرورت
دو کم از کم میٹرک پاس کارکنوں کی ضرورت ہے۔ جو ہومیو پیتھک کلینک اور سٹور میں کام کر سکیں۔
عزیز ہومیو پیتھک کلینک اینڈ سٹور
گولبازار ربوہ۔ فون 212399

خالص سونے کے زیورات کا مرکز
شریف جیولرز
اقصیٰ روڈ ربوہ
فون دکان 212515، رہائش 212300
رجسٹرڈ سی پی ایل نمبر 61